رحمت الٰہی ہو ؛
نمبر ۳۷۔ اگر جیٹھ ہاڑ میں گرمی سخت پڑے۔ تو ساون بھادروں میں بارش
بکثرت ہو ؛
نمبر ۳۸۔ اگر بارہ تاریخ ماہ ہاڑ کو بادل ہوں۔ تو بحکم الٰہی بارش باران
بکثرت ہو ؛
نمبر ۳۹۔ اگر اٹھویں ماہ ہاڑ چاند کی پہلی تاریخ ہو۔ تو بحکم خداوند کریم رحمت
بارش باران ہو ؛
نمبر ۴۰۔ اگر نہم شدی وقت شام ابر ہو۔ تو بیچ ماہ بھادروں کے بارش
باران رحمت الٰہی ہو ؛
نمبر ۴۱۔ اگر زہرہ یعنی شکر و عطارد یعنی بدھ و زحل یعنی سنیچر ایک راس یعنی برج
میں آویں۔ تو بحکم خدا بارش ہو۔ اگر چاند و زہرہ یعنی سکر و عطارد یعنی بدھ و مشتری
یعنی برہسپت ایک راس یعنی برج میں آویں۔ تو بارش بکثرت ہو ؛
الوسط ۔ ادنیٰ یا سعدی یا دو آتشی یا ... [illegible]
[illegible]

اسرار نہانی احکام الٰہی در باب دریافت اس امر کے کہ گرمی اور سردی
اور خشکی اور تری اور مسدودی بارش سے کس کس ستارہ اور نچھتر کو خداوند
تعالیٰ نے تعلق دیا ہے وہ مفصلہ ذیل تحریر کیے جاتے ہیں ؛
نمبر ۱۔ اگر بروز پورنماشی بادل آویں۔ تو بحکم الٰہی در ماہ بھادروں بارش نہ ہو ؛
نمبر ۲۔ اگر ہر دو نچھتر متصل دو روز میں جمع ہوں۔ اور وہ قسم نر ہوں۔ تو بارش
دش ماہ میں نہ ہو۔ خواہ بادل ہی آویں ؛
نمبر ۳۔ اگر چاند بیچ نچھتر آتشی کے ہو تو موجب عدم بارش ہے۔ خواہ بادل ہی ہوں ؛
نمبر ۴۔ اگر چاند بیچ نچھتر بادی اور خاکی کے ہو۔ تو ہوا تیز اور سرد چلے ؛
نمبر ۵۔ اگر زہرہ یعنی شکر و زحل یعنی سنیچر و مشتری یعنی برہسپت یکجا یعنی ایک راس
میں جمع ہوں۔ اور برج آتشی ہو۔ تو بارش نہ ہو ؛
نمبر ۶۔ اگر مشتری یعنی برہسپت آتشی برج میں آوے۔ تو گرمی اور خشکی زیادہ ہوگی۔
اور ہوا شمال کی طرف چلے گی ؛
نمبر ۷۔ اگر مریخ یعنی منگل بیچ راس آتشی و بادی میں آوے۔ تو بحکم خدا ہوا گرم
خشک اور آندھی چلے۔ اور ہوا سوزش اور زہرناک مفسد بیماری ہو ؛
نمبر ۸۔ اگر مریخ یعنی منگل برج یعنی راس خاکی میں آوے۔ تو ہوا معتدل چلے ؛
نمبر ۹۔ اگر مریخ یعنی منگل آبی راس میں آوے۔ تو ہوا متوسط گرما و سرما میں
چلے اور بعض وقت ہوا تیز ہے ؛
نمبر ۱۰۔ اگر آفتاب یعنی سورج برج یا راس آتشی میں آوے تو تمام
ماہ حرارت اور خشکی ہو۔ اور باد سموم یعنی زہریلی ہوا چلے۔ اور جسم اور خلقوں
کو جلا دے اور بیماری پیدا کرے ؛

نمبر ۱۰ - اگر [illegible] یعنی [illegible] راس [illegible] میں آوے - تو [illegible]
نمبر ۱۱ - اگر [illegible] یعنی [illegible] راس [illegible] میں آوے - تو ہوا [illegible] چلے ؛
نمبر ۱۲ - اگر [illegible] یعنی [illegible] راس آبی میں آوے - تو ہوا [illegible] چلے ؛
نمبر ۱۳ - اگر [illegible] یعنی [illegible] راس آتشی میں آوے - تو ہوا [illegible] سردی میں معتدل چلے ؛
نمبر ۱۵ - اگر [illegible] یعنی [illegible] راس خاکی میں آوے - تو ہوا معتدل چلے ؛
نمبر ۱۶ - اگر [illegible] یعنی [illegible] راس آبی میں آوے - تو موسم سردی کا سخت ہو - یعنی شدت سے سردی ہو ؛
نمبر ۱۷ - اگر مشتری یعنی برہسپت راس بادی میں آوے - تو ہوا خنک چلے ؛
نمبر ۱۸ - اگر عطارد یعنی بدھ راس آتشی میں ہو - تو ہوا خشک چلے ؛
نمبر ۱۹ - اگر عطارد یعنی بدھ راس بادی میں ہو - تو ہوا موسم سردی میں سخت چلے ؛
نمبر ۲۰ - اگر عطارد یعنی بدھ راس آبی آوے - تو ہوا معتدل با رطوبت چلے ؛
نمبر ۲۱ - اگر بعد پورنماشی [illegible] ہو - تو موجب نہ ہونے بارش کا ہو - اگر بادل بھی ہوں ؛
نمبر ۲۲ - اگر زحل یعنی سنیچر اور مریخ یعنی منگل بیچ راس آبی یا بادی کے آویں تو باعث خشکی کا ہو ؛
نمبر ۲۳ - اگر زحل یعنی سنیچر اور مریخ یعنی منگل راس آتشی میں آویں - تو [illegible] ہوا چلے - اور باعث بیماری ہو ؛

نوٹ ضروری - یہ ملحوظ رہے کہ [illegible] سیارگان [illegible]
راس سے [illegible] سیارگان کسی [illegible] میں [illegible] جمع ہو جاویں - تو [illegible]
[illegible]
میں [illegible] - لیکن تمام [illegible]
کہ اصل میں یہی [illegible] سیارگان کی [illegible] علم نجوم کے واقف
ہوا نازل ہوتی ہیں - جس وقت کے برج [illegible] میں سیارگان جمع ہوں - وہ اس طرح
سمجھ لو - کہ جس برج میں سیارگان جمع ہو جاویں - تو جو ولایت اور ملک اس برج کے
متعلق ہو سکتے ہیں - ان ملک پر ان سیارگان کی بدی اثر کرتی ہے - جو باقی [illegible]
یعنی [illegible] میں - جن میں سیارگان جمع نہیں ہوئے - وہ اس آفت سے محفوظ
رہتی ہیں - جیسا کہ سیارگان [illegible] کو ایک برج میں [illegible] سے زیادہ جمع ہونے
والے ہیں - جس میں یہ طبع ہونے کتاب ہذا سے تھوڑا عرصہ رہتا ہے -
سابق میں لکھا گیا ہے - کہ کون کون ممالک - کس کس برج یعنی راس کے
متعلق ہے - بارہ بروج ہیں - ہر ایک ولایت [illegible] مفصل لکھی گئی ہے
ملاحظہ کر لو ؛

در باب ثمرہ جمع ہونے سیارگان کے ایک برج میں

نمبر ۱ - اگر منگل اور سورج اور چاند اور عطارد یعنی بدھ اور برہسپت یعنی مشتری ایک راس میں جمع ہوں - تو دلالت ہے قحط سالی پر اور نقصان زراعت پر اور خلقت میں تکلیف اور بیماری ہو - اور سرداروں میں عداوت اور فساد ہو - اور خلقت یعنی آدمی اپنی سکونت چھوڑ کر دوسری جگہ پر جاویں - اور گھبراویں ؛
نمبر ۲ - اگر سوائے راہ کیت کے اور ایک راس کے چھ سیارگان جمع ہوں - تو دلیل ہے نقصان غلہ - اور بہت آدمیوں کو نقصان پہنچے - اور اکثر امیر اور سردار [illegible]

آدمیوں کو نقصان پہنچے۔ اور سردماں میں لڑائی اور قحط ہو ؎

نمبر ۲۱ - اگر راس تلا میں منگل اور زہرہ یعنی شکر اور کیت جمع ہوں۔ تو امیروں اور سرداروں میں بڑا جنگ وجدل واقع ہو۔ اور آدمیوں کا نقصان ہو۔ اگر کیت نہ ہو۔ تو بجائے اُسکے مشتری ہو۔ تب بھی جنگ ہو ؎

نمبر ۲۲ - اگر ایک راس میں مشتری یعنی برہسپت اور مریخ یعنی منگل جمع ہوں۔ تو جنگ اور فساد ہو۔ اور قحط پڑے۔ اور بارش ہو۔ مگر کم۔ خواہ ماہ ساون یا بھادوں کیوں نہ ہو ؎

نمبر ۲۳ - اگر سورج اور مشتری یعنی برہسپت اور زہرہ یعنی شکر ایک راس میں جمع ہوں۔ تو مرد ہاں رنج میں ہوں۔ اور غلہ گراں ہو۔ اور جہان میں فساد ہو ؎

نمبر ۲۴ - اگر منگل یعنی مریخ اور زہرہ یعنی شکر اور زحل یعنی سنیچر اور مشتری یعنی برہسپت اور کیت اور راہ تلا رس میں جمع ہوں۔ تو سرداروں میں بڑا جنگ ہو۔ اور خلائق رنج میں گرفتار ہو ؎

نمبر ۲۵ - اگر سنیچر یعنی زحل بیچ برج آبی کے ہو۔ تو خشک سالی ہو۔ اور کم ہونا بارش کا ہو۔ اور اگر منگل برج آبی میں ہو۔ تو دلیل خشک سالی کی ہے۔ اگر منگل برج آتشی میں ہو۔ تو سخت گرمی پڑے۔ ہوا زہرناک چلے۔ جس سے بیماری ہو۔ اگر برج بادی منگل یعنی مریخ ہو۔ تو بھی گرمی سخت ہو۔ اور ہوا زہرناک چلے۔ اگر مریخ یعنی منگل برج خاکی میں ہو۔ تو ثمرہ کھجور کا خام گر جاوے۔ اور سردی میں خشکی زیادہ ہو ؎

نمبر ۲۶ - ثمرہ سنکرانت۔ اگر سنکرانت یعنی یکم ماہ ہندی کے روز نچھتر ہائے سراکھاں یا جنیشٹان یا اوران یا بھرنی یا ست چھکان ہو۔ تو یہ سنکرانت مہورت پندرہ کی ہوگی۔ جو بد اور نیک ہوگی۔ وہ مہینہ خلائق

کو اچھا گذرے گا ؎

نمبر ۲۷ - اگر بروز سنکرانت نچھتر سرون یا ریوتی یا پکھ یا مگھاں یا سواتی یا چتران یا اسنی یا ہست۔ یا مرگسر یا پوربا بھاگنی یا پوربا کھاڑ یا پوربا بھادرپد یا سولان یا کرتکان یا دھنیشٹان یا انرادھان ہو۔ تو مہورت تیس کی ہوگی۔ ثمرہ یعنی پھل یہ ہوگا کہ یہ مہینہ درمیانہ گذرے۔ نہ بد نہ نیک ؎

اگر بروز سنکرانت۔ نچھتر اوتران بھاگنی یا اوترا کھاڑ یا اوترا بھادرپد یا لبا کھان یا روہنی یا پنربس ہو۔ تو مہورت اُس کے پینتالیس ہوگی۔ ثمرہ یعنی پھل یہ ہوگا۔ کہ خلقت خدا کو آرام ہو۔ اور غلہ بہت ہو ؎

سونا جاگنا بیٹھنا سورج یعنی سنکرانت کا

اگر بروز سنکرانت یعنی یکم مہینہ ہندی کو نچھتر ہائے جنیشٹان یا سواتی یا کرتکان۔ یا اوران یا سلیکھان ہو۔ تو سنکرانت یعنی سورج سوتا ہے۔ اگر رات کو سووے تو نیک ہے ؎ اگر بروز سنکرانت نچھتر ولان یا سرون یا لبا کھان یا روہنی یا اسنی یا مگھان یا پوربان بھادرپتان یا پنربس ہو۔ تو سنکرانت حکم بیٹھنے کا رکھتا ہے۔ تو ثمرہ اس کا میانہ ہو۔ نہ بد نہ نیک۔ اگر بروز سنکرانت نچھتر بھرنی یا مرگسر یا پکھ یا پوربا بھاگنی یا انرادھا یا پوربان کھاڑان یا ڈھنشٹان یا چتران ہو۔ تو سورج یعنی سنکرانت کھڑا ہوتا ہے۔ ثمرہ یعنی پھل یہ ہوگا۔ کہ موسم گرمی میں غلہ خوب پختہ ہو ؎

سورج گرہن کے حالات ابتدائے سمت ۱۹۵۴ لغایت سمت ۱۹۷۱ بکرمی کہ کب اور کس مقدار و شکل پر ہوگا۔ اور کتنی دیر رہیگا بابت ۱۸ سال آئندہ -

نمبر ۱ - چاند گرہن واقع پوہ سدی پورنماسی سمت ۱۹۵۴ شب جمعہ ۲ گھڑی ۱۹ پل گرفتگی

نمبر ... واقعہ ... پور نمارات سو مو گرنگی
تمام تھرمس سیاہ ہو ؏
نمبر ۱۲ - سورج گرہن سمت ۱۷... واقعہ بجادروں بدی اماوس یوم جمعہ
گھڑی دن گذرے - یہ گرہن اٹھارہ برس آئندہ کے لکھے گئے ہیں - واللہ علم
بالصواب ؏

درباب تاثیر و نتیجہ خسوف قمری یعنی چاند گرہن ؁

نوٹ - اگر چاند کو گرہن ڈھائی تک رہے - تو نتیجہ اُس کا ایک ماہ بعد ظاہر
ہوگا - اگر سوا گھڑی تک رہے - تو نتیجہ بعد پندرہ روز کے - اگر نیم گھڑی تک رہے - تو
بعد ایک ہفتہ کے ظاہر ہوگا - علیٰ ہذا القیاس ؏
نمبر ۱ - اگر گرہن چاند کو ماہ محرم میں ہوگا - تو نتیجہ یہ ہوگا کہ مرد بزرگ زمانہ طرف غرب
کے بزرگ خود یا از دست دشمنان مریگا - اور روزگار آدمیوں کے کم ہونگے ؏ میوہ کم
پیدا ہوگا - اور خلائق کو آبلہ یا پھوڑا اور خارش یا بیماری چشمان ہوگی - اور خلائق میں
فتنہ ہوگا - اور مردمان میں لڑائی اور خونریزی ہو - اور رنج اور غم امیروں
اور سرداروں کو پہنچے ؏
نمبر ۲ - اگر چاند گرہن ماہ صفر میں ہو - تو خلقت خدا میں بھوکھ اور تکلیف
غلہ خوردنی کی ہو - اور قحط سالی ہو - اور غلہ کو نقصان پہنچے - امیروں کو غم اور رنج
ہو - اور زلزلہ بعض حصہ زمین میں آوے - یا مردمان میں مرگ ناگہانی ؏
نمبر ۳ - اگر چاند گرہن ماہ ربیع الاوّل میں ہو - تو اُس سال میں محنت اور رنج اور
مرگ مخلوقات میں ہو - اور خلقت قحط سالی سے حیران ہو - امیر آرام سے رہیں - مغرب
کی طرف ... کم پیدا ہوں - اور ٹکڑی بکثرت

آوے - زراعت کا نقصان کرے - حیوانات کی چوری زیادہ ہو - اور اخیر سال میں
اموات کا آرام ہو ؏
نمبر ۴ - اگر چاند گرہن ماہ ربیع الآخر کو لگے - تو اسباب پارچات اور پوشاکوں کو
خلقت زیادہ تیار کرے - اور خلائق میں اموات خراب اور بد ہوں - اور جانب
مشرق اور مغرب فساد ہو ؏
نمبر ۵ - اگر چاند گرہن ماہ جمادی الاوّل میں ہو - تو اُس سال میں خون ریزی بزرگوں
میں ہو - اور بارش باران ہو - اور ارزانی غلہ اور گھاس ہو - اور ملک خراسان اور بابل
میں تھوم اور پیاز زیادہ ہو - اور چارپائے بیماری سے مریں - اور بچوں میں بیماری
ہو ؏
نمبر ۶ - اگر چاند کو گرہن ماہ جمادی الآخر میں ہو - تو بارش بکثرت ہو - اور زراعت
بہت عمدہ پیدا ہو - اور میوہ درختان اور باغان زیادہ پیدا ہو - دیگر نعمت زیادہ
پیدا ہو - اور کام امیروں کے عمدہ ہوں - اور خلائق کے روزگار بکثرت ہوں - خلقت
آسودہ حال رہے - اور طرف ولائیت شمالی کے قحط پڑے ؏
نمبر ۷ - اگر چاند کو گرہن ماہ رجب میں ہو - تو دنیا میں عیش و عشرت اور شادی بکثرت
ہوں - اور بارش باران رحمت الٰہی ہو - اور زراعت عمدہ پیدا ہو - اور میوہ درختان
زیادہ ہو - اور مچھلیاں کم پیدا ہوں ؏
نمبر ۸ - اگر چاند گرہن ماہ شعبان میں ہو - تو خلقت میں آرام اور خوشی رہے - اور
شادیان بکثرت ہوں - اور رعایا خراسان کو رنج و بیماری و موت پہنچے ؏
نمبر ۹ - اگر چاند گرہن ماہ رمضان المبارک میں ہو - تو خلائق کو دوام روز تک
غم و اندوہ پہنچنے کا اندیشہ ہے - اور بادل آویں - بجلی کڑکے - جس سے
خوف پیدا ہو ؏

نمبر ۱۰ - اگر چاند گرہن ماہ شوال میں ہو۔ تو اس [illegible] بیماری خلقت میں پیدا ہو ۔

نمبر ۱۱ - اگر چاند گرہن ماہ ذیقعد میں ہو تو ہوا آندھی بکثرت تیز ہو۔ اور سردی اور پالا بکثرت ہو۔ اور ٹکری کھیت یعنے زراعت و درختان کا نقصان کرے اور مغرب کی طرف رنج زیادہ ہو۔ اور بہت راستے چوروں سے بند ہو جاویں ۔

نمبر ۱۲ - اگر چاند گرہن ماہ ذی الحج میں ہو۔ تو دنیا میں سختی زیادہ ہو۔ اور ٹکری زیادہ آویگی جس سے زراعت کا نقصان ہوگا۔ اور آندھی زیادہ آوے۔ ہوا تیز چلے۔ مواضعات میں شادیاں ہوں ۔

در باب تاثیر اور نتیجہ سورج گرہن یا کسوف آفتاب متعلق خلائق

نمبر ۱ - اگر سورج گرہن ماہ محرم میں ہوگا۔ تو ابتدائے سال میں غلہ سستا ہوگا۔ اور آخر سال میں [illegible] اور کچھ بیماری بھی دنیا میں ہوگی۔ اور اس سال بجلی چمکے گی۔ بادل آویگے۔ اور بعض [illegible] میں زلزلہ یعنی بھونچال آویگا ۔

نمبر ۲ - اگر سورج گرہن ماہ صفر میں ہو۔ تو خلقت میں خوشی اور عیش اور آرام ہوگا اور گرہن کے بعد زلزلہ یعنی بھونچال آویگا۔ بادل اور بجلی چمکیگی۔ جس سے یہ دلیل ہوگی کہ کوئی آدمی مشہور زمانہ مر جاویگا۔ اور خلقت حیران و پریشان رہے گی ۔

نمبر ۳ - اگر سورج گرہن ماہ ربیع الاول میں ہو۔ تو روزگار خلقت کے زیادہ ہوں۔ اور بکری بھیڑ زیادہ ہوگی۔ اور ٹکری زراعت کو پڑے۔ غلہ ارزاں یعنی سستا ہو۔ بکری بھیڑ کو بیماری ہو ۔

نمبر ۴ - اگر سورج گرہن ماہ ربیع الآخر میں ہو۔ تو مردان میں خوشی اور شادی ہوگی۔

اور امیران و غربا کو فائدہ پہنچا ویگے۔ اگر اس سال میں بجلی شور کرے۔ یا بھونچال آوے۔ تو جہان میں فساد زیادہ ہوگا ۔

نمبر ۵ - اگر سورج گرہن ماہ جمادی الاول میں ہو۔ تو خلائق کو آرام اور خوشی ہو۔ اور شادیاں دنیا میں ہوویں۔ اور مردمان کو آنکھوں کی بیماری ہو۔ اگر بجلی بعد گرہن ہونے کے شور کرے۔ یا زلزلہ یعنی بھونچال آوے۔ تو خلقت میں زیادہ تکلیف اور بیماری ہو ۔

نمبر ۶ - اگر سورج گرہن ماہ جمادی الآخر میں ہو۔ تو مرگ مفاجات دنیا میں پیدا ہو۔ اور خلقت میں خرابی پیدا ہو۔ اور بڑے آدمیوں میں خوشی ہو۔ اور خونریزی زیادہ ہو ۔

نمبر ۷ - اگر سورج گرہن ماہ رجب میں ہو۔ تو بارش باران رحمت الٰہی زیادہ ہو اور غلہ بکثرت ہو۔ اور ہر جنس غلہ ارزاں یعنی سستا ہو۔ اور مردمان سخاوت زیادہ کریں۔ اور عبادت خداوندی کی طرف رجوع کریں۔ اور طفل علم آموزی میں کوشش کریں۔ مگر مغرب کی طرف فساد ہو ۔

نمبر ۸ - اگر سورج گرہن ماہ شعبان میں ہو۔ تو بارش کم ہو۔ اور ملک عراق میں جنگ و جدال ہو۔ اور والی عراق دشمنوں پر غالب آوے ۔

نمبر ۹ - اگر سورج گرہن ماہ رمضان المبارک میں ہو۔ تو بارش بکثرت ہو۔ غلہ سستا بکے۔ اور خلقت خدا میں آرام رہے۔ اور شادیاں ہوں۔ سوداگروں کو فائدہ ہو۔ خلقت آرام میں رہے ۔

نمبر ۱۰ - اگر سورج گرہن ماہ شوال میں ہو۔ تو جہان میں خوشی و خورمی رہے۔ اور طرف عراق اور عرب اور سمرقند کے خونریزی ہو ۔

نمبر ۱۱ - اگر سورج گرہن ماہ ذیقعد میں ہو۔ تو ہوا تیز چلے گی۔ اور ٹکری زیادہ آوے۔

[illegible]

ثمرہ تمام سال پر اثر کرتا ہے۔ اور عجیب ہے کل سال کا حال از روئے نجوم یکم ماہ محرم
سے نکلتا ہے۔ کیونکہ درمیان زمانہ سلطنت نوشیرواں بادشاہ عادل کے نوشیرواں
بادشاہ نے جملہ حکماء اور منجمان کو جلسہ میں جمع کیا تھا۔ اور حکم فرمایا کہ کوئی ایسا
مختصر اور عمدہ رسالہ برائے دریافت احوال تمام سال آئندہ کا از روئے علم نجوم
کے فراہم اور مرتب کیا جاوے۔ کہ اس کا فیض تمام مخلوقات کو پہنچے۔ چنانچہ صاحبان
حکما اور منجمان حکیم بقراط اور جالینوس وغیرہ تجربہ کاران علم نجوم نے عرصہ دراز
میں کوشش بلیغ سے اس مختصر رسالہ کو جو بمنزلہ نوروز کے ہے۔ از روئے علم نجوم
مرتب کر کے خدمت عالی مقدس سلطان میں بطور نذرانہ کے پیش کیا۔ جس سے
اسرار ہائے پوشیدہ ہر آئندہ سال بخوبی ظاہر ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ حکماء اور
منجمان کو اس کے صلہ میں ہزاروں روپیہ انعام اور خلعتہائے فاخرہ عنایت
کئے مختصر رسالہ مفصلاً ذیل میں لکھا جاتا ہے ٭

اگر اول ماہ محرم بروز یکشنبہ یعنی اتوار کو ہو تو

یہ سال شروع محرم اول سے محرم ثانی تک مبارک ہوگا۔ اور غلہ ارزاں
بیع سستے بکیگا اور بادشاہ کے گھر میں عدل اور انصاف ہوگا۔ رعیت خوش رہیگی
اور دوستوں کو دوستوں سے نفع ہوگا۔ اور درختوں کا پھل عمدہ اور کثرت سے پیدا
ہوگا اور مرغ اور پرند جانوراں اور درندہ بہت ہوں۔ ہوا تیز ہوگی۔ ثمرہ ہائے
وہ میوہ جات کا نقصان کرے گی۔ اور بارش باران زیادہ ہوگی۔ اور بارش وقت
پر ہوگی۔ جس سے زراعت کو بہت فائدہ عظیم ہوگا۔ اور سوداگروں کو تجارت
میں نفع ہوگا۔ خسارہ یعنی گھاٹا نہ پڑیگا۔ زراعت گندم و زراعت خربوزہ وغیرہ
زراعت بلا نقصان کے پختہ ہوگی۔ نہ اثر ژالہ پڑیگا۔ نہ وہ دیگر صدمہ ۲

اور ... ت میں اگر ظلم اور دغا ہو۔ اور
نمبر ۱۲۔ اگر شمس گرہن ...
شادیاں زیادہ ہوں ؛

نوٹ۔ سورج گرہن کے سات روز پیشتر اور سات روز بعد اور چاند گرہن کے تین روز بعد خطرہ بلا عظیم کا ہو ان دنوں میں کوئی عمارت یا کام سوداگری مال خرید و فروخت کا اور شادی اور ختنہ اور مکلاوہ اور دیگر کام جواز سے ہو بحصول عزت یا خوشی کے ہو۔ نہ کرنا چاہیے۔ خطرہ عظیم ہوگا۔ اگر چاند گرہن برج آبی میں لگے۔ تو مرض بلغم کثیا میں پیدا ہو۔ اگر برج آتشی میں لگے۔ تو دنیا میں امراض گرم تپ تیز وغیرہ پیدا ہوں۔ اور اگر تمام قرص چاند یا سورج کی سیاہ ہو جاوے۔ تو باعث موت اور خرابی مرسلان کا ہوگا ؛

در باب دریافت کرنے اس امر کے کہ جب سورج اور چاند کو گرہن لگتا ہے۔ تو اُن کی تاثیر ہر ایک آدمی پر کیا کیا نیک یا بد ہوتی ہے۔ اور اس کا علاج کیا ہے

نمبر ۱۔ اگر سائل کو چاند یا سورج ...
... لگے۔ تو سائل کو کوئی بیماری ...
... اگر سائل کو دوسری راس ...
[illegible]

نمبر ۴۔ اگر سائل کو چوتھی راس پر چاند یا سورج کو گرہن لگے۔ تو موجب خبر بد سننے اور نقصان مال و دولت اور مکان کا ہو۔ اور روزگار میں خرابی ہو ؛

نمبر ۵۔ اگر سائل کو پانچویں راس پر ہو کر چاند سورج کو گرہن لگے۔ تو خرخشہ عورتوں سے اور مردوں اور دشمنوں سے سائل کو ہو۔ اور غمناکی سائل کو اولاد سے پہنچے۔ اور خبر بد سے غم ہو ؛

نمبر ۶۔ اگر سائل کو چھٹی راس پر چاند یا سورج گرہن لگے۔ تو مبارک ہے۔ اور خوشی اور خرمی حاصل ہو۔ اور شادی سے راحت ہو۔ اور چہار پایان سے سائل کو غم پہنچے۔ اور خدمتگاران سے نقصان پہنچے ؛

نمبر ۷۔ اگر سائل کو ساتویں راس پر چاند یا سورج گرہن لگے۔ تو سائل کسی مصیبت میں گرفتار ہو۔ اور عورت اس کی قید ہونے سے اندیشہ میں ہو۔ اور خرخشہ درمیان عورتوں خانگی سائل میں ہو۔ اور دشمنوں سے فساد ہو ؛

نمبر ۸۔ اگر سائل کو آٹھویں راس پر چاند یا سورج کو گرہن لگے۔ تو زیادتی اندیشہ دامنگیر ہو۔ اور سائل کو کوئی سخت بیماری آ جاوے ؛

نمبر ۹۔ اگر سائل کو نانویں راس پر چاند یا سورج کو گرہن لگے۔ تو تردد خاطر سائل اور خوشی سائل کو مکان عبادت سے ہو۔ اور کسی مرتبہ کی ہو ؛

نمبر ۱۰۔ اگر سائل کو دسویں راس پر سورج یا چاند کو گرہن لگے۔ تو بیماری رشتہ داران سائل کو غم پہنچے۔ اور رشتہ داران سے غم ہو ؛

نمبر ۱۱۔ اگر سائل کو گیارھویں راس پر چاند یا سورج کو گرہن لگے۔ تو اچھا سائل کو خوشی اور خرمی اولاد سے ہو۔ اور زر ہاتھ لگے ؛

نمبر ۱۲۔ اگر سائل کو بارھویں راس پر چاند یا سورج کو گرہن لگے۔ تو دقت سائل کو غم پہنچے۔ اور چار پایان سے سائل کو نقصان پہنچے ؛

[illegible]

[illegible] زیادہ ہوگی۔ گھاس [illegible] اور بیماریاں [illegible] ہونگے۔ موسم [illegible]
کا خفیف ہوگا۔ اور آفتاب یعنی سورج کو گرہن ہوگا۔ اور مردماں میں جھگڑے [illegible]
پیدا ہوگی۔ اور [illegible] پیدا ہوگی۔ اور آخر حصہ سال میں قحط سالی غلہ کی
ہوگی اور زراعت کو بھی آخر سال میں کچھ نقصان پہنچیگا۔ سیاہ بادشاہ کا آفتاب
یعنی سورج ہوگا۔ اور عورتوں کو [illegible] اور سخت بیماریاں ہونگی
واللہ اعلم بالصواب ۔

اگر یکم ماہ محرم بروز دوشنبہ یعنی سوموار کو ہو تو

اس سال میں گرمی سخت ہوگی۔ اور [illegible] ہوگی۔ اور بارش باران
بہت ہوگی۔ بھیڑ بکری بکثرت پیدا ہو۔ اور نرخ غلہ سستا ہو اور [illegible]
میوہ زیادہ ہو۔ اور گھاس زیادہ ہو۔ اور بعض امیروں کی موت ہوگی [illegible]
[illegible] زیادہ پیدا ہوں۔ سوداگروں کو نفع ہوگا۔ اور [illegible] بہت
پیدا ہونگی۔ اور [illegible] زیادہ پیدا ہونگے۔ زراعت ہر قسم زیادہ پیدا ہو [illegible]
میں شادیاں بہت ہونگی۔ اور [illegible] درختوں کو [illegible]
سے اکھاڑیں۔ اور درختوں اور میوے کو سخت نقصان ہوگا۔ [illegible]
نقصان پہنچیگا۔ اور بسبب گرمی خشکی کے درمیان مردماں طرح طرح کی بیماریاں پیدا
ہونگی اور چاند کو اس سال میں گرہن ہوگا۔ اور [illegible] میں [illegible] گرمی ہوگی
اور مردماں تنگ ہونگے۔ بادشاہ کو [illegible] ہوگا۔ اور [illegible]
ناسازی ہوگی۔ اور بعض زراعت [illegible] جنگل بہت [illegible]

ہونگے جیسے آدمیوں کو اور چہار پایاں کو نقصان پہنچیگا۔ اور مرغ اور جانور پرند
زیادہ ہونگے۔ سوداگروں کو راستہ آمدورفت میں نقصان پہنچے۔ اور طفلوں
کو سخت بیماریاں ہونگی۔ اور ہر جنس کو آفت پہنچیگی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

اگر یکم ماہ محرم بروز سہ شنبہ یعنی منگلوار کو ہو تو

اس سال میں بارش بے وقت ہوگی۔ اور بہت کم ہوگی۔ قحط پڑیگا۔ اور
زراعت ویران ہوگی۔ اور گرمی سورج کی گھاس اور زراعت کو جلا دے گی۔ اور
برباد کریگی۔ اور سوداگروں کو گھاٹا پڑیگا۔ یعنی نفع نہ ہوگا۔ اور راستوں میں مسافروں
اور سوداگروں کو آرام نہ ہوگا۔ خرابی ہوگی۔ درختوں کے میوہ جات برباد اور تباہ
اور خراب ہوکر نیست و نابود ہونگے۔ اور دودھ حیوانات میں کم ہوگا۔ اور گندم
اور کنجد یعنی تل اور گنا یعنی کماد بہت کم ہونگے۔ اور بچوں کو بیماری ہوگی مغرب
اور مشرق سے آفت پہنچیگی۔ ہوا بہت سخت تیز چلے گی۔ اندھیریاں آوینگی۔
اور درختوں کے میوہ جات کو نقصان ہوگا۔ اور ایک ماہ میں چاند اور سورج
کو گرہن لگے گا۔ اور زمین کی پیداوار سے فائدہ نہ ہوگا۔ بلکہ نقصان ہوگا۔ اور
سردی سخت ہوگی۔ اور برف بکثرت پڑیگی۔ اور بھیڑ۔ بکری کو آفت اور بیماری
ہوگی۔ اور آدمیوں میں بیماری کئی طرح کی ہوگی۔ اور موت بکثرت ہوگی۔ اور
کئی طرح کی سختیاں ظاہر ہونگی۔ اور شہد اور دودھ کم ہوگا۔ بادشاہ کو سیارہ
مریخ یعنی منگل ہوگا۔ اور ہر جنس کھانے والی گراں قیمت ہوگی۔ اور
فرزنداں مادر اور پدر سے نافرمان ہونگے۔ اور آدمیوں میں شادی اور خوشی بہت
ہوگی۔ اور مشرق اور مغرب کیطرف سے بادل ژالہ باری کریگا۔ یعنی گڑے پڑینگے۔ جو باقی
غلہ کو بعض قطعہ اراضی سے برباد کریگا۔ اور ٹکڑی آویگی۔ اور زراعت باقیما[illegible]

طریقہ سال ... اور دس ... ہے ... کو لے کر بارہ اعداد
پر تقسیم کرے۔ جو باقی بچے ... حیوانات ... نمبروں سے بانٹ دے
جس حیوان کے نام پر آخری عدد آوے۔ وہی سال ترکان سمجھے۔ اور آئندہ ہر
حیوان کے سال کا حکم مفصل لکھا گیا ہے۔ اوس کے مطابق حکم سال آئندہ کا
لگاویں مثلاً سمت بکرمی کا ۱۹۵۳ ہے۔ اس کو بارہ عدد پر اس طرح تقسیم
کیا۔ اب اس تقسیم کی رو سے ۱۹۵۳ کو ۱۲ پر تقسیم کرنے سے ۱۶۲ (۱۹۵۳ (۱۲
باقی ۹ عدد بچے۔ اب ۹ عددوں کو حیوانات پذا پر اس طرح بانٹ
دیا۔ کہ ایک دیا چوہا کو۔ دوسرا دیا گاؤ کو۔ تیسرا چیتا کو۔ چوتھا دیا
خرگوش کو۔ پانچواں دیا نہنگ کو۔ چھٹا دیا سانپ کو ساتواں دیا گھوڑے
کو۔ آٹھواں دیا بکرے کو۔ ناںواں دیا بندر کو۔ اس سے معلوم ہوا۔ کہ آخری
عدد ختم ہوا بندر پر۔ تو سال آئندہ بندر کا ہوا۔ اب حکم آئندہ سال بندر
کا لگانا چاہئے۔ جب تک کہ سمت بکرمی سمت ۱۹۵۴ نہ آوے ٭

نتیجہ سال اول چوہا

بارش باران خاطر خواہ ہو۔ گرمی زیادہ پڑے۔ ابر نمودار رہے۔ غلہ
بکثرت ہو۔ اور سستا بکے۔ اور درختاں میوہ دار میوہ بکثرت دیں۔ سردی
سخت ہو۔ برف اور کلکر پڑے۔ سرما میں ہوا سرد چلے۔ اور غلبہ چوروں
کا ہو۔ مردمان میں شادی بازیادہ ہوں۔ امیروں کو غم پہنچے۔ اور زمین نمناک
اور مردمان خوشحال رہینگے۔ اور موش یعنی چوہا زیادہ پیدا ہوں غلہ اور زراعت
کا نقصان کریں۔ اگر لڑکا یا لڑکی کسی کے گھر میں سال کے شروع چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو عاقل او
نیک اور اہل علم اور ... اور قدم مبارک اور صاحب اقبال۔ اگر دوسرے چار ماہ میانہ میں

اور دنیا خورسند یعنی خوش رہیگی۔ امیر خوش رہینگے۔ اور مردم اور جانوران خواب
خوش لاوینگے۔ اور میوہ جات اور خربوزہ اور غلہ ارزاں رہیگا۔ اور میوہ جات
خوب پختہ ہونگے۔ انکو کوئی آفت نہ پہنچیگی۔ چارپایاں میں شیر زیادہ ہوگا۔
سوداگران ہر جنس کو نفع ہوگا۔ اور میوجات کے سوداگروں کو بہت فائدہ ہوگا
اور سردیوں میں ہوا سرد چلیگی۔ اور گرمی زیادہ نہ ہوگی۔ اور آتش زدگی ہوگی
اور خلق خدا بیماری عام سے بچی رہیگی۔ یعنی بیماری عام نہ ہوگی۔ واللہ اعلم بالصواب

اگر یکم ماہ محرم بروز جمعہ کے ہو۔ تو

اس سال میں بارش کم ہوگی۔ اور غلہ اور زراعت کم ہوگی۔ اور مردمان جنگل
اور کوہستان میں بکثرت مرینگے۔ اور درختوں کو تیز ہوا سے آفت پہنچیگی۔ اور بچوں
میں موت بہت ہوگی۔ خلقت میں رنجیدگی ہوگی اور جاڑوں میں ہوا سرد چارپایاں
کو ہلاک کریگی۔ گرمی موسم سرما میں سخت ہوگی۔ سوداگروں کو نقصان ہوگا بادشاہ
کو ستارہ زہرہ ہوگا۔ امیروں میں عداوت ہوگی اناج گراں ہوگا۔ تمام سال خلائق
کو تنگ کریگی۔ عجب بیچک کی سختی اٹھاوینگے۔ ہوا تیز و تند چلے گی۔ اور گرمی
زراعت کو برباد کریگی۔ اور گھاس کی کمی کے سبب سے چہار پائے مر جاوینگے
اور زمین میں زلزلہ یعنی بھونچال آویگا۔ اور آدمیوں میں بیماری اور موت بکثرت
ہوگی۔ کوئی چیز خرید و فروخت سے فائدہ نہ دیگی۔ اور بار ماستو نہیں ہوگی
اور خلائق نہایت تنگ و لاچار ہوگی۔ کہ اپنے فرزندوں پر مہربان نہ ہونگے ٭

اگر یکم ماہ محرم بروز شنبہ یعنی سنیچر کو ہو۔ تو

بادشاہ کو ستارہ زحل ہوگا۔ اس سال میں فتنہ زیادہ ہوگا۔ اور سوداگروں کو نقصان

پیدا ہو تو بیکار اور بدبخت اور مفلس ہوگا۔ اور بجانب والدین قدم اُس کا بھی میانہ ہو
اور جو اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہوگا۔ تو چور اور بدخلق ہوگا
اور غریب ہوگا۔ اور ہمیشہ سرگرداں دولت کا پریشان رہیگا۔ قدم نامبارک
ہوگا۔

نتیجہ سال دویم گاؤ

اس سال میں جذام اور بیماری تپ وغیرہ مخلوقات میں زیادہ ہو۔ اور مردمان میں موت بہت ہو۔ اور شادیاں کم ہوں۔ اور موسم سرما بہت سخت ہو۔ جس سے کا سردی کی آفت سے نقصان ہو۔ اور بارش باراں بے وقت ہو۔ اور مردمان سے کوہستان کو آفت پہنچے۔ اور فتنہ اور فساد اور مردمان کو غم اور بیزاری پہنچے گی۔ گرمی کے موسم میں گرمی زیادہ ہو۔ اور بیماری خناق اور شقیقہ ہو۔ زراعت اور میوہ جات کو آفت آسمانی ژالہ باری کی پہنچے۔ اور مردمان میں خون فساد ناحق ہوں۔ اگر کسی کے گھر میں فرزند یا دختر ہو۔ اگر سال کے اول چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو دور اندیش اور عاقل اور صاحب علم اور عمر دراز ہو۔ نعمت اور دولت پاوے۔ اور قدم مبارک ہو۔ اور اگر سال کے دوسرے حصہ چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو نیک اور پاکیزہ اور عبادت کرنے والا خدا کی اور عالم ہو۔ بشرطیکہ زندہ رہے۔ مزاج کا سخت ہو۔ اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بدعہد اور سُست کم ہمت اور کم حوصلہ اور ہمیشہ غمناک رہنے والا اور غریب اور مُفلس روزی سے سرگرداں اور پریشان ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب ؎

نتیجہ سال سویم پلنگ یعنی چیتا کا

مردمان میں عداوت پیدا ہو۔ اور فساد ہوں۔ اور حیوانات کو بیماری ہائے سخت ہوں۔

جس سے اُن کی موت ہوگی۔ اور حیوانات زہرناک یعنی سانپ بچھو کی قسم کے بکثرت ہوں۔ جن سے مردمان کی کثرت موت ہو۔ اور بعض جگہ پر ژالہ برسے یعنی اولا پڑے۔ زراعت کو نقصان دے۔ اور انگور میوہ کم ہوں۔ اور سیریاں آویں۔ اگر کسی کے گھر میں فرزند یا دختر سال کے اول چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو میانہ اور بلند قد اور خوش شکل اور خوش نصیب اور عیش و عشرت والا ہو۔ اور زندہ دل ہو۔ قدم مبارک ہو۔ جو میانہ چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو خوبصورت اور خوش طبع اور مسخرا ہو۔ اور قدم بجانب والدین میانہ ہو۔ اگر تیسرے حصہ چار ماہ میں پیدا ہو تو سُست اور کاہل اور بے ہُنر اور مردمان اُس کو عزیز نہ رکھیں۔ قدم بجانب والدین نامبارک ہو۔ اور قسمت کا خفیہ بخت ہو۔ واللہ اعلم بالصواب ؎

نتیجہ سال چہارم خرگوش کا

لغت اور میوہ جات اور زراعت اور درختان بہت پیدا ہوں۔ اور بارش باراں بکثرت ہو۔ گھاس عمدہ پیدا ہو۔ خلقت خدا میں بیماری بکثرت ہو۔ موسم سرما عمدہ گذرے۔ مردمان جھوٹ بولیں۔ پہاڑوں میں اور بعض جگہ پر زلزلہ یعنی بھونچال آوے۔ زراعت اور کاشتکاری عمدہ انجام کو پہنچے۔ برف زیادہ پڑے۔ آدمیوں میں دشمنی زیادہ ہو۔ اور محبت مردمان میں کم ہو۔ اگر کسی کے گھر میں لڑکا یا دختر اول سال کے چار میں پیدا ہو۔ تو وفادار اور یعنی زنان یعنی عورتوں سے محبت رکھنے والا اور حرام کار اور حرام خور اور چور مشہور ہو۔ اگر میانہ چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بہت جھگڑا کرنے والا اور کم عقل اور احمق درجہ اول ہو۔ اور بدبخت ہو۔ اور قد میانہ ہو۔ اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو خلاف گو اور بدصورت

[illegible]

اگر یکم ماہ محرم بروز چہارشنبہ یعنی بدھوار کو ہو تو

یہ سال میانہ ہوگا۔ بارش باران کم۔ اور بے وقت ہوگی۔ اور آخر سال میں ہوا سخت چلیگی۔ اول سال میں گندم اور چاول ارزاں اور عمدہ پیدا ہوں۔ اور بادشاہ کا ہر کام عمدہ ہو۔ اور مردمان غریب جھوٹ زیادہ بولیں۔ اور فقیروں کے کام عمدہ نہ ہوں اور آخر سال میں گندم۔ دال اور کھجور و تل وغیرہ اشیا گراں قیمت ہونگے۔ اور مرغ اور درندوں میں بیماری ہوگی۔ اور مردمان اور چہارپایان [illegible] اور موت بکثرت واقعہ ہوگی۔ اور غلہ کو لوگ ذخیرہ رکھیں گے۔ اور [illegible] اور ویران ہوگی، اور سوداگروں کو نقصان پہنچیگا۔ اور [illegible] آویگی۔ زراعت اور درختوں کا نقصان کریگی۔ اور [illegible] میوہ کم ہونگے۔ اور چہارپایان کا شیر کم ہوگا۔ اور [illegible] سیارہ عطارد ہوگا۔ جاڑا سخت ہو۔ قحط سالی ہو [illegible] خلائق میں خون ناحق واقعہ ہونگے۔ اور خلائق میں [illegible] اور گھاس کم پیدا ہو۔ موسم سردی کا [illegible] نقصان پہنچیگا۔ اور فرزندان ماں باپ سے [illegible]

اگر یکم ماہ محرم بروز پنجشنبہ ہو۔ تو

[illegible] اور مبارک ہوگا۔ اور زراعت [illegible] بادشاہ کا کام عمدہ [illegible]

ہوگا۔ اور زراعت خراب ہوگی۔ اور ظالموں کے ہاتھوں سے لوگوں کو نقصان پہنچیگا۔ اور چہارپایاں کو خطرہ ہوگا۔ پرند اور درند آرام نہ کرینگے۔ بہت جانوران مرجاوینگے۔ دولتمندوں میں موت ہوگی۔ اور قحط پڑے گا۔ آفتاب یعنی سورج اور چاند کا گرہن ہوگا۔ مکڑی آویگی۔ زراعت کا نقصان کریگی۔ جاڑا سخت گذرے گا۔ اور گندم جو کم پیدا ہوں۔ ان کو کوئی آفت پہنچیگی۔ شہد بکثرت پیدا ہوگا۔ اور اندھیریاں آوینگی۔ اور بیماری بسر دمان و کودکان یعنی بچوں میں ہوگی۔ درختوں کو آفت پہنچے۔ اور بارش کم بیوقت ہو۔ گرمی زیادہ ہوگی۔ میوہ کم پیدا ہو۔ اور غلہ نہ گراں نہ ارزاں ہوگا۔ اور آدمی بددیانتی کرینگے۔ اور آدمیوں میں عداوت پیدا ہوگی، اور خون ناحق ہونگے۔ اور شادیاں بسر دمان کم ہونگی۔ اور خیر و برکت کم ہوگی۔ گھاس جنگل میں کم پیدا ہوگا۔ جنس ماش گراں قیمت ہو۔ اور زمین میں زلزلہ یعنی بھونچال آویگا۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

در باب سالہائے ترکان

جس سے ہر سال آئندہ کا احوال بخوبی و مختصر معلوم ہو سکتا ہے۔ اور بار نوروز نکالنے کی حاجت رفع ہوتی ہے۔ جیسا کہ ہر سال آئندہ ماہ محرم ایجاد کردہ جالینوس مندرجہ کتاب ہذا سے احوال تمام سال آئندہ کا معلوم ہو سکتا ہے۔ یہ سال ترکاں کا ہے۔ جو نسبت بارہ حیوانات کے نام سے رکھتا ہے۔ جو آگے لکھے جاتے ہیں ۔

۱ چوہا	۲ گاؤ	۳ چیتا	۴ خرگوش	۵ نہنگ	۶ سانپ	۷ گھوڑا
۸ بکرا	۹ بندر	۱۰ مرغ	۱۱ کتا	۱۲ سور		

اگر فرزند یا دختر سال کے اول چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو [illegible]
خلائق اور ہنر مند بخت بیدار اور دولتمند ہو۔ اور لوگوں کو اُس سے بہت فائدہ
پہنچے۔ بشرطیکہ زندہ رہے۔ اور اگر چار ماہ میانہ میں پیدا ہو۔ تو ماں باپ کو [illegible]
ہو۔ اور ورثہ سے محروم رہے۔ اور بدبخت اور مفلس ہو۔ اور اگر سال کے آخری
چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو احمق اور کم عقل اور فسادی ہو۔ اور زنا کار اور چغلخور اور [illegible]
اگر زندہ رہے۔ واللہ اعلم بالصواب ❊

نتیجہ سال نہم بندر کا

اس سال میں چوری بہت ہو اور رہزنی ہو اور بیماری گرم خشک۔ تپ اور خناق اور
تپ محرقہ اور طاعون ہو۔ موسم سرما نہایت سرد و خشک گذرے۔ بارش بے وقت ہو
بہت کم ہو۔ میوہ جات انگور وغیرہ کمتر ہوں۔ سانپ بچھو زہریلے بکثرت ہوں۔
جن سے اکثر آدمی مرگ پاویں اور چہارپائے مریں بسبب زیادہ پڑے۔ [illegible]
[illegible] زیادہ پڑے۔ اگر فرزند سال کے اول چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو [illegible] اور کم عقل اور بدبخت
اور مفلس اور واسطے روزی کے حیران و پریشان رہے۔ والدین کو اس سے [illegible]
[illegible] بدمعاش مشہور ہو۔ اگر سال کے چار ماہ میانہ میں پیدا ہو۔ تو [illegible]
[illegible] پریشان اور بدبخت ہو۔ اور والدین کو قدم نامبارک ہو۔ اور آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو
[illegible] بدخو اور بے مروت اور والدین کو خراب کرنے والا اور جائداد والدین کو برباد کرے۔
[illegible] زندہ رہے۔ واللہ اعلم بالصواب ❊

نتیجہ سال دہم مرغ کا

[illegible] خوب باوقت [illegible]

خاتمہ عورتوں کو موت واقعہ ہو۔ میوہ جات بکثرت ہوں۔ اور آدمی سفر زیادہ کریں۔ امیروں
کو یہ سال میانہ گذرے۔ روزگار لوگوں کو بہت ملیں۔......... اگر
سال کے پہلے چار ماہ میں دختر یا لڑکا پیدا ہو۔ تو دانا اور عقلمند۔ اور ہوشیار اور دولتمند او
بیدار بخت ہو۔ اور قدم مبارک ہو۔ اگر سال کے میانہ چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو مفلس اور جنگجو
اور بدزبان اور بدصورت اور خلاف گو اور بدبخت اور بدخو ہو۔ اور اگر سال کے آخری
چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو وہ بدفعل اور قمار باز ہو۔ اور چور۔ اور صبح کو بیدار ہونیوالا
اور مفلس۔ اور قدم نامبارک ہو۔ واللہ اعلم بالصواب ❊

نتیجہ سال یازدہم کتّے کا

یہ سال خشک ہے۔ غلہ۔ جو۔ گندم۔ کھجور گراں قیمت ہوں۔ میوہ کم ہو۔ بیماری آسیب
اور آسیب خبیث بہت ہو۔ چور چوری اور رہزنی زیادہ کریں۔ جاڑا بہت پڑے۔ بارش کم
ہو۔ اور مردمان میں بیماری ہو۔ راستہ سوداگروں کا خطرناک ہو۔ آدمیوں میں لڑائی اور
خونریزی بہت ہو۔ گھوڑے اور اونٹ زیادہ مریں۔ اور چہارپائے ارزاں فروخت
ہوں۔ اگر سال کے اول چار ماہ میں فرزند پیدا ہو۔ تو ترش رو اور بدخو اور غمناک ہو۔
اور صدمات دنیاوی اُس کو بہت خراب کریں۔ اور مردمان اُس کو عزیز رکھیں۔ اور اگر
میانہ چار میں پیدا ہو۔ تو دانا اور عاقل اور ہوشیار اور تیز طبع اور اہل علم کو دوست رکھے
اکثر وہ مال اور دولت پاوے۔ والدین کا فرمانبردار ہو۔ اور سفلہ اور بدگو ہو۔
اور اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو دانا اور وفادار اور اقرار کا پورا ہو۔ خلاف
گوئی نہ کرے۔ والدین کے گھر قدم مبارک ہو۔ مگر آدمی اوس سے خوف اور
وحشت کھاویں۔ واللہ اعلم بالصواب ❊

...نصیب ہو۔ اور کسی کو اس سے فائدہ نصیب نہ ہو۔
...وس کو فائدہ۔ واللہ اعلم بالصواب ؏

نتیجہ سالِ پنجم نہنگ کا۔

فتنہ مردمان میں ہو۔ اور بارش باران میانہ ہو۔ اور ہوا سخت سے درختوں اور میوہ جات کو نقصان پہنچے۔ گندم زراعت زیادہ ہو۔ اور غلّہ ارزان ہو۔ غلبہ چوروں کا ہو۔ فتنہ فساد زیادہ ہو۔ مسافروں کو خوف ہو۔ اور موسم سرما زیادہ ہو۔ گرمی زیادہ پڑے۔ اگر کسی کے گھر میں فرزند یا دختر سال کے اول چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بدطبع اور بدکار اور چور اور بدبخت اور مفلس ہو۔ اور قید ہو۔ اگر دوسرے حصہ چار ماہ میں پیدا ہو۔ اور بدطبع اور جنگ جو۔ اور بدبخت ہو۔ اور بدصورت ہو۔ اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بدخواہ اور ہیجڑا اور مخنث۔ بے شرم بے حیا اور بدگو اور حرام کار اور مانند عورتوں کے ہو۔ اگر دختر ہو۔ تو مانند مردوں کے ہو۔ اور بدکار اور فاحشہ ہو۔ اور پیشہ بدکاری اختیار کرے۔ واللہ اعلم بالصواب ؏

نتیجہ سالِ ششم سانپ کا

گرمی اور خشکی زیادہ ہو۔ غلّہ کا نرخ درمیانہ رہے۔ درمیان مردمان بیماری ...پ اور خون اور پھوڑا آبلہ اور درد معدہ ہو۔ اور سردی میں سردی زیادہ ہو برف پڑے۔ چوری اور ...کاری زیادہ ہو۔ راہزنوں کا غلبہ زیادہ ہو۔ سانپ بچھو زیادہ زہرناک ہوں اور وبا ہو۔ ...مردمان میں دشمنی پڑے۔ ایک دوسرے کا نقصان کریں اور میوہ جات کمتر ہوں ...ندوں اور سانپوں سے آدمیوں کو نقصان پہنچے۔ اگر کسی کے گھر میں

فرزند یا دختر سال کے اول چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بدکار اور بدطبع اور چور اور راہزن اور قید ہو۔ اور بدبخت اور مفلس اور بدمعاش ہو۔ اور میانہ چار ماہ میں اگر پیدا ہو تو بہت چالاک اور ہوشیار اور حرام کار ہو۔ اور تہمت عورت میں قید ہو۔ اور اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بدعہد اور بدشکل اور چغلی کرنے والا اور خلاف گو اور بدبخت ہو۔ اور مفلس اور دربدر ہو۔ واللہ اعلم بالصواب ؏

نتیجہ سالِ ہفتم گھوڑے کا

ترکستان میں فساد ہو۔ موسم سرما آخر سال میں زیادہ ہو۔ اور چہار پایان بکثرت مریں۔ اور میوہ جات کو آندھی یعنی سخت ہوا سے نقصان ہو۔ زراعت بکثرت ہو۔ اور بارش عمدہ ہو۔ شروع سال میں غلہ ارزاں رہے۔ آخر سال میں گراں ہو۔ امیروں کو موت آوے۔ دوستوں میں عداوت ہو۔ چور اور راہزن بہت ہوں۔ اور عورتوں کے حمل گر جائیں۔ اور حاملہ عورتوں میں بیماری ہو۔ اگر سال کے پہلے چار ماہ میں کسی کے گھر میں فرزند یا دختر پیدا ہو۔ تو نیک بخت اور بزرگ اور اہل علم کا دوست اور دانا۔ اور قدم مبارک ہو۔ اگر چار ماہ میانہ سال میں پیدا ہو۔ تو عاقل اور دانا اور نیک بخت اور بلند اقبال ہو۔ قدم مبارک ہو۔ اگر سال کے آخری چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو بدخواہ اور بخیل اور کنجوس اور منحوس اور بدبخت اور مفلس اور نادار ہو۔ اور بے ہنر اور کم عقل اور فسادی ہو۔ واللہ اعلم بالصواب ؏

نتیجہ سالِ ہشتم بکرے کا

سردی کا موسم زیادہ ہو۔ اور مردمان خیرات زیادہ کرینگے۔ برف زیادہ پڑے۔ نرخ غلہ کا گراں۔ بارش کم ہو۔ فتنہ و فساد زیادہ ہو۔ بادشاہ رعایا سے خوش ہوں۔

سواری مریخ یعنی منگل

شیر پر سوار ہر دو ہاتھ میں تلواریں کھچی ہوئیں۔ لباس سُرخ اور سیاہ۔ غذا بادام پیاز۔ مولی اور مانند اسکے۔ بخورات کتان اور دیبا۔ اور جنس ہتھیار خنجر و ڈھال و بندوق صحبت باجوانان سپاہیاں۔ جھنڈے۔ بردان فوج ؎

سواری آفتاب یعنی سورج

سوار اوپر بادہ گاڑ ایک ٹانگ ٹوٹی ہوئی کے۔ دائیں ہاتھ میں تکیہ اور بائیں ہاتھ میں ڈھال پکڑے ہوئے۔ پوشاک نارنجی۔ صحبت باسرداران اور امرایان غذا چاول اور گنا اور شہد اور سنگترہ اور کھجوریں ؎

سواری زہرہ یعنی شکر

سوار اوپر عورت خوبصورت اور خوش جمال کے جس کے بال گھنگریالے کشادہ ابرو خوش آواز راگ رنگ کے گاتی ہوئی۔ غذا شفتالو اور انگور۔ اور بہی اور مانند اس اور طیوران یعنے کبوتر خرگوش۔ فاختہ اور دراج۔ بخورات عطر گلاب تعلق بجنس رید اور سنگ یشب اور فیروزہ کے ؎

سواری عطارد یعنی بدھ

طاؤس پر یعنی مور پر۔ دائیں ہاتھ میں کتاب اور بائیں ہاتھ میں پوتھی۔ اور کتاب نجوم لئے ہوئے۔ اور پوشاک مانند رنگ اناد اور ٹوپی سر پر رکھے۔

ہوئے۔ آدھا رنگ پوشاک کا فاختہ گون اندک سیاہی مائل بصورت خوبروئے اور صحبت ساتھ نابالغان اور علماء اور اہل علم اور حکماء اور منجمان اور سوداگران کے غذا کدو۔ اور کشنیز سبز یعنی دھنیاں اور شیرینی۔ بخورات کافور اور چونہ اور ہڑتال خوراک گوشت تیتر کا اور مانند آں ؎

سواری قمر یعنی چاند

سوار اوپر ہرن کے بچے کے دائیں ہاتھ میں کھجور۔ اور بائیں ہاتھ میں گرز۔ صورت میں زن خوبصورت کنواری۔ پوشاک سفید اندک سبزی مائل۔ اور غذا کھیرہ۔ انار۔ انگور۔ گندم۔ جانور گوشت بطخ۔ دراج۔ بگلا۔ اور گوسپند بخورات کتان اور پھٹکڑی تعلق باجنس بلور اور چاندی اور سوتی۔ واللہ اعلم بالصواب ؎

درباب دریافت نتائج نوروز عالم افروز حالات سال آئندہ کے

اگر نوروز بروز شنبہ یعنی سنیچر کو ہو۔ تو:۔

دنیا میں طرح طرح کے رنج اور تکلیف اور بیماریاں۔ اور مرگ مفاجات اور وبا۔ اور مرگ شاہان اور دشمنی خلائق میں پیدا ہو۔ اور سال مردان تلف اور برباد ہو۔ اور بچوں اور عورتوں کو بیماری اور موت واقعہ ہو۔ اور گوسپندان زیادہ پیدا ہوں۔ اور چور اور راہزن زیادہ ہوں۔ اور نقصان پہنچاویں۔ اور غلہ سستا بکے اور آخر سال میں گرانی اور قحط سالی ہو۔ اور ہندوستان اور زمین مادر النہر و یمن میں تکلیف بمردمان ہو۔ اور حوادثات یا سختیاں آسمانی واقعہ ہوں۔ اور عراق میں بادشاہ از پیدا ہو۔ اور ترکستان

پانچواں سال روز دہم سور کا — محرم

[illegible] عورتوں کے لڑکے خبر پیدا ہوں اور [illegible] پیدا ہوں۔ اور [illegible]
[illegible] ہو۔ [illegible] زراعت [illegible] کرے سے [illegible]
[illegible] بہ [illegible] ہو اور [illegible] ہو۔ اور [illegible]
[illegible] میں ہو۔ [illegible] سے زیادہ کریں۔ اگر سال کے پہلے چار
[illegible] پیدا ہوں۔ تو [illegible] ہو اور [illegible] ہو۔ اور [illegible] میں [illegible]
ہے۔ [illegible] ہو۔ اور عورتوں کے عشق سے خالی ہو۔ [illegible]
[illegible] میں [illegible] کرے۔ اور شرب [illegible] ہو۔ اور [illegible] سے رغبت رکھے۔
اگر سال کے میانہ چار ماہ میں پیدا ہو۔ تو خیانت کرنے والا اور بے ایمان ہو
اور [illegible] ہو۔ روزی کیلئے سرگردان رہے۔ اور اگر سال کے آخری چار
[illegible] میں پیدا ہو۔ تو بہادر اور لڑائی کرنیوالا اور بد مزاج اور نہایت فسادی ہو۔
[illegible] عداوتوں سے عداوتوں میں خراب ہونے والا اور بد سیرت [illegible] ہو۔
واللہ اعلم بالصواب ؁

طریق دریافت وقت نوروز

اگر نوروز سال آئندہ کا دریافت کرنا ہو۔ تو سابقہ گذرے ہوئے نوروز کے وقت
[illegible] آٹھ پہر اور چودہ گھڑی اور تئیس پل کو زیادہ کرو۔ وقت نوروز آئندہ معلوم ہوجائیگا
[illegible] نوروز گذشتہ سمت ۱۹۰۲ بکرمی پانچ گھڑی روز اور چند پل گذرے بروز
[illegible] شنبہ۔ یعنی سنیچر واقعہ ہوا تھا اور نوروز سال آئندہ سمت ۱۹۰۳ دریافت
[illegible] ہے۔ تو نوروز گذشتہ پانچ گھڑی اور چند پل گذشتہ بروز سنیچر ہوا۔ پھر آٹھ
[illegible] گھڑی اور تئیس پل کو زیادہ کیا۔ تو معلوم ہوا۔ کہ سال آئندہ سمت ۱۹۰۳

کا نوروز بروز یکشنبہ یعنی اتوار بوقت تیراں گھڑی اور ستاراں پل گذرنے
پر تحویل آفتاب برج حمل یعنی میکھ راس میں ہوا۔ اور ساعت مشتری یعنی
برہسپت بعض کے نزدیک ساعت مریخ یعنی منگل مطابق حکم زیچ الغ بیگی
ساعت مشتری اور مطابق حکم زیچ محمد شاہی ساعت مریخ یعنی منگل یا زحل یعنی سنیچر مقرر ہوئی

درباب سواری ہائے نوروز تفصیل ذیل :-

جس روز کہ نوروز ہو۔ جس وقت تحویل سورج کہ دریافت کرنا۔ اس کا موقوف زیچ اور
اصطرلاب پر ہے۔ اور استادان اس فن نے سواری نوروز اس طرح پر مقرر کی
ہے۔ کہ اگر بوقت تحویل ساعت سورج ساعت زحل یعنی سنیچر کی ہو۔ تو سواری
سنیچر کی ہوگی۔ اور ساعت مشتری کی ہوگی تو سواری مشتری یعنی برہسپت
علی ہذا القیاس تفصیل اس کی حسب ذیل درج کی جاتی ہے۔ اگر ساعت زحل یعنی
سنیچر کی ہو۔ تو سواری زحل مقرر ہوئی۔ سواری زحل یعنی سنیچر بر گرگ یعنی بھیڑیا پر سوار
ہاتھ دہنی یعنی سجے میں سر مردہ اور ہاتھ بائیں یعنی کھبے میں عصا کہ جس سے سر مردہ
کو ہلاتا ہو۔ پوشاک سیاہ و صحبت باد ہقاناں یعنے جاٹاں اور قلعہ داران۔ غذا ترش
اور گوشت مرغ سیاہ اور [illegible] اور بخورات از قسم کہربا اور فلفل سیاہ اور راجو اور
اجناس سیاہ اور سنگ سیاہ اور سکہ ؁

سواری مشتری یعنی برہسپت

اسپ نو پر سوار اور دہنے ہاتھ تلوار برہنہ اور بائیں ہاتھ میں کمان پوشاک صندلی
اور زرد سفیدی مائل صحبت بادولتمنداں اور عالماں اور حکماء غذا اس کی سیب انار
اور کھجور اور چاول اور دال نخود یعنے چنا بخورات زعفران صندل و

میں ہوا ابتر ... زرد آلو - توت - شفتالو - آلوچہ ... انگور زیادہ
ولایت مغرب ... اور سانپ مکڑی - زنبور یعنی ڈھموں - اور کچھو - چکور - اور کرم -
پیدا ہونا ...
یعنی ... کی زیادہ پیدا ہوں ۔

اگر نوروز بروز یکشنبہ یعنی آیتوار کو ہو - تو

صاحب اس سال کا آفتاب ملک اقلیم دوم خراسان ہے - یہ سال بادشاہ کو مبارک ہو - شروع سال میں غلہ سستا بکے اور آخر سال میں تنگ سالی ہو - اور گابھن اور بکری بھیڑ میں موت واقعہ ہو - اور حاملہ عورتوں کو بہت خطرۂ جان ہو - اور عورتیں ایسے پیدائش بچہ اکثر مر جاویں - اور بعض بچوں کو بیماری محنت ہو - اور بعض عورتیں درد پسلی اور درد سر میں گرفتار ہوں - اور درندے جانور زیادہ پیدا ہوں - چور اور راہزن تباہ ہوں - اور نیک آدمیوں کو امیروں سے فائدہ نہ ہو - اور آخر سال میں فتنہ و فساد برپا ہو - اور جانب مشرق میں خستہ حالی ہو - اور بادشاہ خسرغ کو یہ سال بہت نامبارک ہے - اور مشرق میں خونریزی ہو - گرمی سردی زیادہ پڑے ۔

اگر نوروز بروز دوشنبہ یعنی سوموار کو ہو - تو

صاحب اس سال کا چاند ہے - اور ملک بلخ کا اس سے تعلق ہے - اور مزاج سرد تر - اس سال میں حال بادشاہوں کا نیک اور کام زمینداران اور ملازمت فائدہ مند ہوں - اور میوہ جات درختاں پر زیادہ پیدا ہوں - اور زراعت زیادہ مفید ہو - اور بارش بکثرت ہو - اور غلہ ارزاں یعنی سستا بکے اور کپڑا یعنی تل زیادہ پیدا ہوں - بارش [illegible] پڑے - اور بعض دریاؤں میں برف جمے - اور سانپ بچھو وغیرہ گزندگان

زیادہ ہوں - بکری آوے - اور حال پہاڑی آدمیوں کا اچھا ہے - اور خرید و فروخت کام سوداگری میں نفع ہو - اور ملک ہند اور سندھ میں دُنیا کو بے آرامی اور مردان کو تکلیف ہو - اور بیماری پڑے - اور خرید اسپان اور شتران یعنی اونٹوں سے نفع ہو - اور ازابیری سُرخ رنگ کی جانب مشرق اور مغرب سے نمودار ہو - اور عورتوں اور بچوں میں بیماری اور موت ہو - اور بازاروں میں رونق ہو ۔

اگر نوروز بروز سہ شنبہ یعنی منگلوار کو ہو - تو

والی اس سال کا مریخ یعنی منگل ہے - اور مزاج گرم خشک رکھتا ہے - اور ساتھ ترکستان کے اسکا تعلق ہے - اور اس سال میں امیروں کا حال درمیانہ درجہ پر رہیگا - اور بزرگوں میں موت واقعہ ہوگی - اور بیچ ملک خراسان کے فساد ہوگا - اور مردان جھوٹ بولیں گے - اور عورتیں مردوں سے لڑائی فساد اور دشمنی کریں گی - اور بیماری چیچک یعنی ماتا اور دیگر بیماریاں گوناگون جہان میں ہوں گی - اور بعض جگہ مکانوں میں آگ لگے - اور کثیف آدمی غمناک رہیں گے - چور اور راہزن زیادہ ہوں گے - بارش بوقت ہوگی - اور بجلی بکثرت پیدا ہوگی - اور بعض جگہ پانی کا ایسا سیلاب آوے - کہ زراعت اور مردمان اور مویشیوں کا نقصان ہو - اور ہندوستان بکری بھیڑ زیادہ مریں - میوہ اور زراعت زیادہ ہو - اور کیڑا - مکڑی - سانپ - بچھو زیادہ پیدا ہوں - جو مردمان کو اکثر ہلاک کریں - اور غلہ کا نرخ میانہ رہے - آخر سال میں قحط ہو - اور بعض امیر اور سردار ہلاک ہوں ۔

اگر نوروز بروز چہار شنبہ یعنی بُدھ وار کو ہو - تو

والی اس سال کا عطارد یعنی بُدھ کا ہوگا - متعلق بولایت روم ہے - اس سال میں خلائق

نتیجہ سال نوراتہ بروز چہارشنبہ یعنی بدھ وار کا ۔

اگر نوراتہ بروز چہارشنبہ ہو ۔ تو بادشاہت اس سال کا عطارد یعنی بدھ ہو ۔ سیلاب [illegible] گرم رہیں ۔ خلائق آتش [illegible] ۔ اور بعض جگہ بارش ہو ۔ اور بعض جگہ [illegible] تمام [illegible] زیادہ [illegible] ہوں ۔ اور [illegible] سے کام [illegible] ۔ اور مردمان غلہ کی خرید و فروخت بکثرت کریں ۔ اور مردمان کے کام خراب ہوں ۔ اور مردمان [illegible] زیادہ کریں ۔ [illegible] بیماری کم ہو ۔ شادیاں زیادہ ہوں ۔ موت کم ہو ۔

نتیجہ سال نوراتہ بروز پنجشنبہ یعنی جمعرات کا

اگر نوراتہ بروز پنجشنبہ ہو ۔ تو بادشاہ برج کا مشتری یعنی برہسپت ہے ۔ بارش بکثرت ہو ۔ غلہ ارزاں ہو ۔ مردمان عابد ہر عبادت اور [illegible] اپنے تدبیر [illegible] کریں ۔ اور عورتوں میں محبت اور دوستی ہو اور آپس میں محبت اور دوستی کی [illegible] کریں ۔ مردمان [illegible] بکثرت ہو ۔ اور علما خوش رہے ۔ اور شادی اور خوشی مردمان میں ہو ۔ اور بیماری سے محفوظ رہیں ۔ گرمی کم سردی زیادہ ہو ۔ گھاس زیادہ ہو ۔ دودھ اور چارپایاں بکثرت ہوں ۔ سنکرانت کا بھی یہی حکم ہوتا ہے ۔ بطور نوراتہ کے ۔

نتیجہ سال نوراتہ بروز جمعہ یعنی شکر وار کا ۔

اگر نوراتہ بروز شکر وار ہو ۔ تو بادشاہ اس سال کا زہرہ یعنی شکر ہوگا ۔ بارش بکثرت ہوگی ۔ سیلاب آوینگے ۔ غلہ ارزاں یعنی سستا بکے ۔ توت بکثرت ہوں ۔ روغن زرد ارزاں رہے ۔ تمام خلائق آسودہ رہے ۔ شادیاں زیادہ ہوں ۔ غم مردمان کا دور ۔

رہے ۔ امیران خوش رہیں ۔ درختوں کا ثمرہ عمدہ پیدا ہو ۔ میوہ بکثرت ہو ۔ اگر ماہ آخر سال غلہ گراں ہو ۔ اور غلہ سے سوداگروں کو اپنے مال میں نفع ہو ۔ سنکرانت کا بھی یہی حکم ہے ۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

ستاروں کی وزیری کا نتیجہ سال تمام میں

نمبر ۱ ۔ اگر چاند سال آئندہ کا وزیر ہو ۔ تو مردمان میں خوشی ہو ۔ اور سال آئندہ اچھا گزرے ۔ اور سردار ملک کا اقبال زیادہ ہو ۔ اور غلہ وغیرہ سستا بکے ۔

نمبر ۲ ۔ اگر سورج سال آئندہ کا وزیر ہو ۔ تو اُس سال زمین گرمی سے سوختہ ہوگی ۔ اور ہوا گرم زہرناک چلے گی ۔ اور بیماریاں تیز پیدا ہوں گی ۔

نمبر ۳ ۔ اگر مریخ یعنی منگل سال آئندہ کا وزیر ہو ۔ تو اُس سال کو قحط سالی ہو ۔ اور بارش کم ۔ لڑائی اور فساد دُنیا میں زیادہ ہو ۔ اور چوری پیدا ہو ۔ راہ زنی زیادہ ہو ۔

نمبر ۴ ۔ اگر عطارد یعنی بدھ سال آئندہ کا وزیر ہو ۔ تو غلہ زیادہ پیدا ہو ۔ اور سستا بکے ۔ اور بارش باران بکثرت ہو ۔ گھاس زیادہ ہو ۔

نمبر ۵ ۔ اگر مشتری یعنی برہسپت سال آئندہ کا وزیر ہو تو بارش بکثرت ہو ۔ اور زراعت اور گھاس زیادہ پیدا ہو ۔ اور ہر میوہ بکثرت اور عمدہ ہو ۔

نمبر ۶ ۔ اگر زہرہ یعنی شکر سال آئندہ کا وزیر ہو ۔ تو بارش بکثرت ہو ۔ اور مردمان میں آرام رہے ۔ اور گاوان بچہ زیادہ دیں ۔ شادیاں ہر دو جہان زیادہ ہوں ۔

نمبر ۷ ۔ اگر زحل یعنی سنیچر سال آئندہ کا وزیر ہو ۔ تو خوف چوروں کا اور راہزنوں کا زیادہ ہو ۔ اور آگ سے بہت مکانات جل جاویں ۔

مندرجہ اسرار غریب در باب دریافت کرنے اس امر کے کہ ہر سال میں بادشاہی اور وزیری اور سپہ سالاری کس کس ستارہ کی ہوگی

جس روز کو نوراتہ [illegible] جو جنتری شروع سال ہوگا۔ اس دن کے [illegible] کے اس سال میں بادشاہی ہوگی۔ مثلاً نوراتہ [illegible] شنبہ کو ہوا۔ تو بادشاہی قمر یعنی چاند کی ہوئی۔ اور جس دن [illegible] ہوگی۔ اس دن کا ستارہ وزیر ہوگا [illegible] منگل ہو۔ تو وزیر مریخ یعنی منگل اس سال کا ہوگا۔ اور [illegible] ہوگا۔ اس دن کا ستارہ سپہ سالار [illegible] مثلاً یکم جیٹھ بروز جمعہ کے ہو۔ تو سپہ سالار سال کا زہرہ ہوگا۔ پس معلوم ہوا کہ اس سال [illegible] قمر یعنی چاند اور وزیر مریخ یعنی منگل اور سپہ سالار زہرہ ہوا۔ اسی سے [illegible] کرلو ؛

اسرار در باب دریافت کرنے احوال نیک و بد ہر سال آئندہ کا از روئے روز نوراتہ کے جو جنتری شروع سال سے معلوم ہوسکتا ہے۔ کہ کس روز ہوگا۔

(نتیجہ سال نوراتہ بروز شنبہ یعنی سنیچر کا۔)

